**CLASS : 10th (Secondary)** **Code No. 3512**

**Series : Sec/Annual Exam.-2026**

*Roll No.* | | | | | | | | | | |

***SET : A***

# اردو

# URDU

*(Academic/Open)*

(Only for Fresh/Re-appear/Improvement/Additional Candidates)

*Time allowed : **3** hours ]* *[ Maximum Marks : **80***

---

- *कृपया जाँच कर लें कि इस प्रश्न-पत्र में मुद्रित पृष्ठ **15** तथा प्रश्न **20** हैं।*
- *प्रश्न-पत्र में दाहिने हाथ की ओर दिये गये **कोड नम्बर** तथा **सेट** को छात्र उत्तर-पुस्तिका के मुख्य-पृष्ठ पर लिखें।*
- *कृपया प्रश्न का उत्तर लिखना शुरू करने से पहले, प्रश्न का क्रमांक अवश्य लिखें।*
- *उत्तर-पुस्तिका के बीच में खाली पन्ना/पन्ने न छोड़ें।*
- *उत्तर-पुस्तिका के अतिरिक्त कोई अन्य शीट नहीं मिलेगी। अतः आवश्यकतानुसार ही लिखें और लिखा उत्तर न काटें।*
- *परीक्षार्थी अपना रोल नं० प्रश्न-पत्र पर अवश्य लिखें। रोल नं० के अतिरिक्त प्रश्न-पत्र पर अन्य कुछ भी न लिखें और वैकल्पिक प्रश्नों के उत्तरों पर किसी प्रकार का निशान न लगाएँ।*
- *कृपया प्रश्नों के उत्तर देने से पूर्व यह सुनिश्चित कर लें कि प्रश्न-पत्र पूर्ण व सही है, **परीक्षा के उपरान्त इस सम्बन्ध में कोई भी दावा स्वीकार नहीं किया जायेगा।***

---

**ہدایات :** (i) **تمام سوالات لازمی ہیں۔**

(ii) سوال نمبر **1** **(i-xvi)** معروضی سوالات پر منحصر ہے۔ ہر سوال **ایک (1)** نمبر کا ہے۔

(iii) سوال نمبر **2** سے **8** تک مختصر جوابات پر مشتمل ہیں۔ ہر سوال دو **(2)** نمبر کا ہے۔

(iv) سوال نمبر **9** سے **13** میں واحد جمع / متضاد / مذکر مونث اور تعریف و مثال لکھنے والے سوالات شامل ہیں۔ ہر سوال **تین (3)** نمبر کا ہے۔

(v) سوال نمبر **14** سے **16** میں تشریح اور خالی جگہ بھرنے والے سوالات شامل ہیں۔ ہر سوال **چار (4)** نمبر کا ہے۔

(vi) سوال نمبر **17** سے **19** تک تفصیلی جوابات پر مشتمل ہیں۔ ہر سوال **پانچ (5)** نمبر کا ہے۔

(vii) سوال نمبر **20** غیر تدریسی اقتباس پر مشتمل ہے اور یہ سوال آٹھ **(8)** نمبر کا ہے۔

**1.** مندرجہ ذیل معروضی سوالات کے چار چار جوابات دئے گئے ہیں۔ صحیح جواب کا انتخاب کر کے اپنی کاپی میں لکھئے :

1 x 16 = 16

(i) مرزا غالبؔ کے والد کے انتقال کے بعد ان کی پرورش کس نے کی تھی ؟

(a) مرزا اسد اللہ خاں

(b) نصر اللہ بیگ

(c) ولی محمد

(d) ناصر الدین

(ii) پروفیسر محمد مجیب کی پیدائش کہاں ہوئی ؟

(a) آگرہ (b) دلّی

(c) لکھنؤ (d) لاہور

(iii) ''بساط'' کے کیا معنی ہیں ؟

(a) بے کار

(b) گواہ

(c) تدبیر

(d) حیثیت

(iv) ''کاٹھ کا گھوڑا'' کہانی کے مصنّف کون ہیں ؟

(a) رتن سنگھ (b) سید احتشام حسین

(c) غالبؔ (d) میر تقی میرؔ

(v) ''تنظیم'' کے کیا معنی ہیں ؟

(a) اکائی (b) ادارہ

(c) اسکول (d) کارخانہ

(vi) ''عوامی شاعر'' کسے کہا جاتا ہے ؟

(a) اسمٰعیل میرٹھی (b) اقبالؔ

(c) کنھیالال کپور (d) نظیرؔ اکبرآبادی

(vii) ''اسلم و جاوید'' کس مکالمہ کے کردار ہیں ؟

(a) کارتوس

(b) آدمی کی کہانی

(c) نئی روشنی

(d) خدا کے نام خط

(viii) ''اے شریف انسانو!'' کس کی نظم ہے ؟

(a) ساحرؔ لدھیانوی (b) سید احتشام حسین

(c) محمد مجیب (d) غالبؔ

(ix) ''قومی ترانہ'' کس شاعر کی مشہور نظم ہے ؟

(a) غالبؔ (b) اقبالؔ

(c) میر تقی میرؔ (d) نظیرؔ اکبرآبادی

(x) ''غروب'' کے کیا معنی ہیں ؟

(a) سورج یا چاند کا نکلنا

(b) سورج یا چاند کا ڈوبنا

(c) سورج یا چاند کا اگنا

(d) یہ سبھی

(xi) ''ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر'' کی پیدائش کب ہوئی ؟

(a) 14 اپریل 1891 (b) 10 اپریل 1891

(c) 14 اپریل 1885 (d) 10 اپریل 1885

(xii) ''ہستی اپنی حباب کی سی ہے'' غزل کے شاعر کون ہیں ؟

(a) غالبؔ (b) میر تقی میرؔ

(c) اقبالؔ (d) اسمٰعیل میرٹھی

(xiii) جس نظم میں خدا کی تعریف بیان کی جاتی ہے، اسے کیا کہا جاتا ہے ؟

(a) نعت (b) حمد

(c) قصیدہ (d) مرثیہ

(xiv) ''عالم'' کے کیا معنی ہیں ؟

(a) ایک، اکیلا

(b) علم والا، پڑھا لکھا

(c) حاکم، حکومت

(d) بدلہ، انعام

(xv) ''مشرق'' کا متضاد الفاظ کیا ہے ؟

(a) جیت

(b) دنیا

(c) زندگی

(d) مغرب

(xvi) ''آدمی نامہ'' کس شاعر کی مشہور نظم ہے ؟

(a) نظیؔر اکبر آبادی (b) غالبؔ

(c) اقبالؔ (d) اسمٰعیل میرٹھی

2. لین شو نے لفافے پر کیا پتہ لکھا ؟ 2

3. ''نیکی اور بدی'' نظم کے مطابق کس کی ناؤ پار اُترتی ہے ؟ 2

4. چھوت چھات سے ملک کو کیا نقصان پہنچا ؟ 2

5. کرنل سے کارتوس مانگنے والا سوار کون تھا ؟ 2

6. انسانی زندگی کی حقیقت کیا ہے ؟ میرؔ کی غزل کے مطابق لکھیے۔ 2

7. آگ جلانا سیکھنے کے بعد انسانی زندگی میں کیا تبدیلی ہوئی ؟ 2

8. انٹرنٹ سے طلبا کو کیا فائدے ہیں ؟ 2

9. مندرجہ ذیل الفاظ میں سے صرف **تین** کے واحد سے جمع اور جمع سے واحد بنائیے : 1 x 3 = 3

(i) جوابات۔

(ii) فرض۔

(iii) جوتی۔

(iv) ٹوپیاں۔

(v) جنگل۔

(vi) سوال۔

**10.** مندرجہ ذیل الفاظ میں سے صرف **تین** کے متضاد (اُلٹ) لکھیے : 1 x 3 = 3

(i) آسمان۔

(ii) بھلائی۔

(iii) خوش حالی۔

(iv) امن۔

(v) شکست۔

(vi) حیات۔

**11.** مندرجہ ذیل الفاظ میں سے صرف **تین** کے مذکّر سے مونّث اور مونّث سے مذکّر بنایئے : 1 x 3 = 3

(i) ملکہ۔

(ii) عالم۔

(iii) بہن۔

(iv) بیٹی۔

(v) لڑکا۔

(vi) عورت۔

**12.** مندرجہ ذیل میں سے کسی **ایک** کی تعریف لکھ کر مثال پیش کیجئے : 3

(i) اسم۔

(ii) فعل۔

(iii) صفت۔

(iv) ضمیر۔

**13.** مندرجہ ذیل میں سے کسی **ایک** کی تعریف لکھ کر مثال پیش کیجئے : 3

(i) نظم۔

(ii) غزل۔

**14.** مندرجہ ذیل میں سے کسی **ایک** عبارت کی تشریح حوالوں کے ساتھ کیجئے : 4

**(الف)**

''تکلف کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ ہینگ لگتی ہے نہ پھٹکری اور ظاہر داری جوں کی توں قائم رہتی ہے۔ مثلاً آپ کے گھر کوئی صاحب تشریف لائے ہیں۔ آپ کہتے ہیں۔ ''کچھ منگواؤں آپ کے لئے ؟'' ''وہ فرماتے ہیں، اِجی صاحب تکلّف مت کیجئے۔''

**(ب)**

''ہاں تو پھر ایک وقت آیا جب دنیا سرد پڑ گئی۔ بھاپ اور دوسری گیسیں پانی ہو گئیں۔ جو زیادہ ٹھوس حصّہ تھا، وہ چٹان بن گیا۔ یہ سب ہوا کب ؟ آج کل کے عالم زمین کی ساخت سے، چٹانوں اور دھاتوؤں سے کچھ حساب لگا کر لیکن یہ حساب سنکھ دس سنکھ برس کے بھی آگے نکل جاتا ہے۔ بے چارے آدمی کی کھوپڑی میں سائنس کا یہ حساب سما نہیں سکتا۔''

**15.** مندرجہ ذیل میں سے کسی **ایک** شعری حصّے کی تشریح سیاق وسباق کے ساتھ کیجئے : 4

**(الف)**

''ہستی اپنی حباب کی سی ہے
یہ نمائش سراب کی سی ہے

ناز کی اس کے لب کی کیا کہیے
پنکھڑی اِک گُلاب کی سی ہے''

**(ب)**

''تری بساط ہے کیا میری شان کے آگے ؟
زمیں ہے پست میری آن بان کے آگے
جو بات مجھ میں ہے تجھ کو وہ ہے نصیب کہاں!
بھلا پہاڑ کہاں، جانور غریب کہاں!''

**16.** مندرجہ ذیل خالی جگہوں کو دئے گئے الفاظ کی مدد سے پُر کیجئے : 1 x 4 = 4

(رکاوٹوں، لعنت، بھیم راؤ سکپال، تعلیم)

(i) تعلیم حاصل کرنے کے لئے امبیڈکر کو کئی ---------- کا سامنا کرنا پڑا۔

(ii) چھوت چھات کی ---------- نے ملک کو کافی نقصان پہنچایا۔

(iii) امبیڈکر کا اصل نام ---------- تھا۔

(iv) سماج میں باعزّت زندگی گزارنے کے لئے ---------- بے حد ضروری ہے۔

**17.** اپنے اسکول کے پرنسپل کے نام فیس معافی کی ایک درخواست لکھئے۔ 5

(یا)

اپنے اسکول کے پرنسپل کے نام بڑے بھائی کی شادی میں شرکت کے لئے چُھٹّی کی درخواست لکھئے۔

**18.** مندرجہ ذیل شعراء میں سے کسی **ایک** کی حیات اور شخصیت پر تفصیلی مضمون لکھئے : 5

(i) مرزا غالبؔ۔

(ii) علامہ اقبالؔ۔

(iii) میر تقی میرؔ۔

**19.** مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی **ایک** پر تفصیلی مضمون لکھئے : 5

(i) میرا پسندیدہ اُستاد۔

(ii) انٹرنٹ کے فائدے۔

(iii) میرا اسکول۔

(iv) بڑھتی ہوئی آبادی کے نقصانات۔

**20.** درج غیر تدریسی اقتباس (Unseen Passage) کا مطالعہ کرنے کے بعد مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیجئے :

8 x 1 = 8

دلّی کی قدیم عمارتوں میں قطب مینار بڑی اہمیت کا حامل ہے۔ اس کا شمار دنیا کے سب سے اونچے میناروں میں ہوتا ہے۔ یہ مینار 73 میٹر کے قریب اونچی ہے۔ اس میں اب پانچ منزلیں ہیں۔ پہلے سات منزلیں تھیں۔ اوپر کی دو منزلیں خطرہ کی وجہ سے اُتار دی گئی ہیں۔ اس کے اوپر چڑھنے کے لئے گولائی میں سیڑھیاں بنائی گئی ہیں۔ سب سے اونچی منزل پر پہنچنے کے لئے 379 سیڑھیاں چڑھنی پڑتی ہیں۔ ہر منزل پر باہر کی طرف بالکونی ہے۔ وہاں سے دور۔دور کا منظر نظر آتا ہے۔ قطب مینار کو دور سے بھی دیکھا جا سکتا ہے۔ اس مینار کو دیکھنے کے لئے ہزاروں غیر ملکی آتے ہیں۔ قطب مینار تقریباً آٹھ سو سال پہلے مہرولی کے پاس قطب الدین ایبک نے بنوانا شروع کیا تھا۔ ان کی موت کے بعد شمس الدین التمش نے اسے پورا کیا۔

**سوالات :**

(i) قطب مینار کی تعمیر کو کس نے پورا کروایا تھا ؟

(ii) ''قدیم'' الفاظ کے معنی کیا ہیں ؟

(iii) قطب مینار میں سیڑھیوں کی تعداد کتنی ہے ؟

(iv) قطب مینار کو کس نے بنوانا شروع کیا تھا ؟

(v) لفظ ''منزل'' کی جمع کیا ہے ؟

(vi) قطب مینار میں اَب کتنی منزلیں ہیں ؟

(vii) قطب مینار کی اونچائی کتنے میٹر ہے ؟

(viii) قطب مینار کی سیڑھیاں کس شکل میں بنائی گئی ہیں ؟